# Maulana Azad National Urdu University
## Department of Economics
PG Programme
II Semester Examination, May-2026
Course Code: **MAEC201DST**
Subject: **Labour Economics**

Total Marks: 70 Time: 3 Hours

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے : حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم -ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینالازمی ہے -

1. **حصہ اول** میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/خالی جگہوں پر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں ہر سوال کا جواب لازمی ہے ہر سوال کے لیے 1 نمبر ہے
(10x1=10 marks)

2. **حصہ دوم** میں 8 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔
ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں (5x6=30 marks)

3. **حصہ سوم** میں 5 سوالات ہیں،اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں ہر سوال کا جواب تقریبا (500) لفظوں پر مشتمل۔
ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں (3x10=30 marks)

---

## حصہ اول

1.

I. حال ہی میں حکومت ہند نے 29 پرانے قوانین محن کو ملا کر کتنے محن کوڈز (Labour Codes) بنائے ہیں؟

(a) 4 (b) 5
(c) 2 (d) 3

II. مندرجہ ذیل میں سے کون سا نظریہ مالتھس کے نظریہ آبادی پر مبنی ہے ؟

(a) نظریہ اجرت فنڈ (b) نظریہ گزارہ اجرت
(c) بقایاد عویدار نظریہ اجرت (d) نظریہ سودے بازی اجرت

III. غربت کی وہ قسم جس میں ایک شخص اپنی بنیادی ضروریات جیسے روٹی، کپڑا اور مکان کو پورا نہ کر سکے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتی ہے۔

(a) نسلی غربت (Generational Poverty) (b) وابستہ غربت (Relative Poverty)
(c) مطلق غربت (Absolute Poverty) (d) حالاتی غربت (Situational Poverty)

IV. معقولیت (Rationalization) کا تصور کس نے دیا؟

(a) میکس ویبر (b) سوکریٹس
(c) آڈم اسمتھ (d) الفریڈ مارشل

V. NSSO کے بے روزگاری کی پیمائش کے کتنے طریقے ہیں؟

(a) 2　　(b) 5
(c) 3　　(d) 4

VI. ہندوستان کی سب سے بڑی مزدور انجمن کون سی ہے؟

(a) ہندمزدورسبھا　　(b) بھارتیہ مزدور سنگھ
(c) انڈین نیشنل ٹریڈیونین کانگریس　　(d) آل انڈیا ٹریڈیونین کانگریس

VII. مندرجہ ذیل میں سماجی حفاظتی جالیاں (Social safety Nets) کی مثال/مثالیں ہیں؟

(a) منریگا　　(b) اسکیل انڈیا مشن
(c) پردھان منتری شرم یوگی مان دھن یوجنا　　(d) مندرجہ بالا سبھی

VIII. بین الاقوامی مزدور تنظیم کا قیام کب عمل میں آیا؟

(a) 1919　　(b) 1950
(c) 1991　　(d) 2020

IX. صنعتی تنازعات کے تصفیہ کے طریقہ کار(settlement mechanism) میں ''حتمی حل(ultimate remedy)'' مندرجہ ذیل میں سے کسے کہا جاتا ہے؟

(a) ورکس کمیٹی　　(b) مصالحت(Conciliation)
(c) ثالث(Arbitration)　　(d) تصفیہ(Adjudication)

X. محنت بازار میں اخراج پالیسی(exit policy) کا بنیادی مقصد------------------------------------- ہے۔

a) ملازمین کی ادارے سے آسان اور منظم علیحدگی کو یقینی بنانا
b) ملازمین کی تنخواہوں میں مسلسل اضافہ کرنا۔
c) ملازمین کو مستقل سرکاری ملازمت فراہم کرنا۔
d) ادارے کی پیداوار میں ملازمین کا حصہ بڑھانا

## حصہ دوم

2. صنعتی تنازعات کی صورت میں ملازمین کی جانب سے اختیار کی جانے والی کسی تین شکلوں(forms) کو مع مثال بیان کیجیے۔
3. صنعتی تنازعات کو روکنے کے لیے کسی تین حکمتِ عملی پر روشنی ڈالیے۔
4. اجرت کے سودے بازی کے نظریے کو بیان کیجیے۔

5. کم از کم اجرت پر نوٹ لکھیے۔

6. سماجی تحفظ کے تصور کو مع مثال بیان کیجیے؟

7. قومی اجرت پالیسی کے مقاصد بیان کیجیے۔

8. شہری بے روزگاری کے مختلف اقسام کو مثال بیان کیجیے۔

9. کثیر جہتی غربت اشاریہ (Multidimensional Poverty Index) پر نوٹ لکھیے۔

## حصہ سوم

10. تعلیمی بے روزگاری کو واضح کرتے ہوئے اس کے وجوہات واثرات کو بیان کیجیے۔

11. مزدور انجمن کو واضح کرتے ہوئے اس کے افعال پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

12. بازار محن میں صنف کی بنیاد پر ہونے والے امتیاز کو بیان کرتے ہوئے اس کے خاتمے کے لیے حکمتِ عملی تجویز کیجیے۔

13. معاشیات محن کو واضح کرتے ہوئے اس کے موضوعات پر مفصل روشنی ڈالیے۔

14. سماجی امداد اور سماجی انشورنس کے تصورات کو واضح کرتے ہوئے ان کے درمیان فرق کو مع مثال بیان کیجئے۔